22.09.2025

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... ماجدعلی

Music

---------------------------

* وزیراعظم نریندر مودی نے اروناچل پردیش میں پانچ ہزار ایک سو کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کیا۔

* وزیراعظم نریندر مودی نے لوگوں کو نوراتری کی مبارکبادی ہے اور کہا ہے کہ اس مرتبہ یہ فیسٹیول بہت خاص ہے کیونکہ یہ GST بچت اُتسو کے آغاز کے ساتھ ہو رہا ہے۔

* نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے سب کا ساتھ، سب کا وکاس، سب کا وشواس، سب کا پریاس کے عنوان سے وزیراعظم نریندر مودی کی تقاریر پر مشتمل چار کتابوں کی رسمِ اجراء انجام دی۔

* اور اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو نے برطانیہ، کناڈا اور آسٹریلیا پر الزام لگایاہے کہ وہ فلسطینی مملکت کو تسلیم کرکے دہشت گردی کو شہ دے رہے ہیں۔

-------------------------------

Music

اب خبریں تفصیل سے...........

PM Arunachal

وزیراعظم نریندر مودی نے اروناچل پردیش میں پانچ ہزار ایک سو کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کیا۔ انھوں نے توانائی اور علاقائی ترقی میں ریاست کے بڑھتے ہوئے رول کو اجاگرکیا۔ جناب مودی نے ورچوئل وسیلے سے دو بڑے پن بجلی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھا۔ بعدمیں Itanagar میں اندرا گاندھی پارک میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ اروناچل پردیش کی سرزمین صرف ابھرتے ہوئے سورج کی سرزمین نہیں بلکہ یہ حب الوطنی کا ایک گھوارہ بھی ہے۔x

Navratri

9روزہ نوراتری کا تہوار آج سے شروع ہوگیا ہے۔ نوراتری دیوی دُرگا اور اُن کے 9 اَوتاروں کی پوجا ارچنا کیلئے وقف ہے۔ سنسکرت میں نوراتری کا مطلب ہے 9 راتیں۔ اِسے **Navdurga** کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔

**Navratri Music 10 Sec.**

نوراتری کا تہوار دسہرے کے ساتھ اختتام پذیر ہوگا، جو راوَن پر بھگوان رام کی فتح کی علامت ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے نَوراتری کے موقع پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے امید ظاہر کی ہے کہ ہمت، صبر وتحمل اور عزم سے پُر، یہ پوِتر تہوار ہر ایک کی زندگی میں نئی قوت اور نیا اعتماد لائے گا۔

جناب مودی نے کہا کہ اِس مرتبہ نَوراتری کا شُبھ موقع بہت خاص ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس بار **GST**بچت اُتسو کے ساتھ ساتھ سودیشی کے منتر کو ایک نئی قوت ملے گی۔×

**GST Reforms Multiple Sectors**

نئے سلسلے کی **GST** اصلاحات آج سے نافذ ہوگئی ہیں۔ نئے ٹیکس ڈھانچے کے تحت **GST** کونسل نے بالواسطہ ٹیکس نظام کو سہل بنادیا ہے اور اب پانچ فیصد اور 18 فیصد کے صرف دو زمرے ہوں گے جبکہ پہلے پانچ فیصد، 12 فیصد، 18 فیصد اور 28 فیصد کے چار زمرے تھے۔

کئی طرح کے سامان اور خدمات پر ٹیکس کم کرکے لوگوں کو سیدھے راحت پہنچانے کے لیے یہ اصلاحات لائی گئی ہیں۔

نئے سلسلے کی **GST** اصلاحات کے تحت سرکارنے مختلف شعبوں میں نمایاں ٹیکس کٹوتی کی ہے۔ سیاحت کی صنعت کو بڑی راحت پہنچاتے ہوئے ساڑھے سات ہزار یومیہ کی شرح سے کم والے ہوٹل **Stays**پر **GST** بارہ فیصد سے کم کرکے پانچ فیصد کردیا گیا ہے۔

اِس اقدام سے متوسط طبقے کے کنبوں کیلئے سفر کرنے میں زیادہ آسانی ہوجائے گی اور سرمایہ کاری کی بھی حوصلہ افزائی ہوگی۔ ان اصلاحات سے ملک کے آرٹ اور کلچر شعبے کو بھی تقویت ملے گی۔

طلبا کے فائدے کے لیے اسٹیشنری کے سامان پر سے ٹیکس بالکل ہٹا لیا گیا ہے۔ نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے ایک ریسرچ اسکالر **Induchudan** نے نئی **GST** اصلاحات کا خیر مقدم کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ تہواروں کے سیزن سے قبل یہ قدم عام آدمی کیلئے ایک تحفے کی طرح ہے۔

**Byte: Induchudan**

**Bhupender GST**

مرکزی وزیر بھوپیندر یادو نے کہا ہے کہ **GST** اصلاحات ٹیکس شرحوں کو سہل بنانے اور ملک کی معیشت کو تقویت پہنچاتے ہوئے صنعتوں کو رعایت فراہم کرنے اور تجارت کو بڑھاوا دینے کے لیے لائی گئی ہیں۔ آج نئی دلی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب یادو نے اِس بات

کو اجاگر کیا کہ اب GST میں پانچ فیصد اور 18 فیصد کے صرف دو زمرے ہوں گے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ زرعی سازوسامان، موٹر گاڑیوں اور روز مرّہ کے استعمال کی الیکٹرانک اشیا کی قیمتیں کم ہوگئی ہیں۔

**S/B: Bhupendra Yadav**

**Shah GST**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ نئے سلسلے کی GST اصلاحات، غریبوں، نوجوانوں، کسانوں اور خواتین کی خدمت کرنے کے وزیراعظم نریندر مودی کے پختہ عزم کا مظہر ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب امت شاہ نے کہا کہ نئی اصلاحات سے کئی اشیا پر GST شرحیں کافی کم ہوجانے سے لوگوں کے اخراجات مزید کم ہوجائیں گے۔

وزیر داخلہ نے کہا کہ مودی سرکار متوسط طبقے کیلئے بہت سے مواقع دستیاب کراکر اُن کی آمدنی میں اضافہ کر رہی ہے اور اِس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ GST اصلاحات کے ذریعے اُن کی بچت میں لگاتار اضافہ ہوتا رہے۔

جناب امت شاہ نے کہا کہ اِن اصلاحات سے دنیا میں سب سے خوشحال ملک بننے کے راستے پر بھارت کی ترقی کا پہیہ اور بھی تیز رفتار سے آگے بڑھے گا۔x

**Bihar GST**

بہار کے وزیراعلیٰ نتیش کمار نے GST شرحوں میں بڑی کٹوتی کرنے اور اصلاحات کیلئے بہار کے عوام کی طرف سے وزیراعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب نتیش کمار نے نئے سلسلے کی GST اصلاحات کو سراہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ GST میں اصلاحات سے بہار کے ساتھ ساتھ پورے ملک میں سبھی طبقوں کے لوگوں کو فائدہ ہوگا۔ جناب نتیش کمار نے کہا کہ عام آدمی کیلئے روزمرہ استعمال کی ضروری اشیا اب سستی ہوجائیں گی اور انھیں ضروری سامان خریدنے پر اب کم خرچ کرنا پڑے گا۔x

**VP PM Books**

نائب صدر جمہوریہ سی-پی-رادھا کرشنن نے آج نئی دلی میں ایک تقریب میں ’’سب کا ساتھ سب کا وکاس، سب کا وشواس، سب کا پریاس‘‘ کے عنوان سے وزیراعظم نریندر مودی کی تقاریر پر مشتمل چار کتابوں کی رسمِ اجراء انجام دی۔

اِن کتابوں کو Publications Division نے شائع کیا ہے۔

اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب رادھا کرشنن نے کہا کہ جناب مودی ملک اور بیرونِ ملک کروڑوں لوگوں کیلئے باعثِ تحریک ہیں۔ نائب صدر نے کہا کہ جناب مودی عام آدمی کے نمائندے سے آگے بڑھ کر عوام کے ایک ایسے حقیقی رہنما بن گئے ہیں، جن کے عزم نے یہ دکھا دیا ہے کہ کس طرح ناممکن کو بھی، ممکن بنایا جا سکتا ہے۔

**Byte: C P Radha Krishnan**

جناب رادھا کرشنن نے کہا کہ اِن کتابوں میں وزیراعظم کے عہدے کی دوسری مدت کے چوتھے اور پانچویں سال سے کچھ تقریروں کو شامل کیا گیا ہے۔

اِدھر راجیہ سبھا کے ڈپٹی چیئرمین ہری ونش نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی، دنیا میں بہترین مقرروں میں سے ایک ہیں۔ انھوں نے کہا کہ جناب مودی اپنی تقریر سے ہموطنوں کو تحریک دیتے ہیں۔ جناب ہری ونش نے کہا کہ اگرچہ بھارت آزادی کے بعد نوآبادیاتی راج کے سائے سے باہر نکل آیا تھا، لیکن صرف 2014 کے بعد ہی ایسا ہوا کہ ملک نے فخر کے ساتھ اپنی ثقافت اور قدیم وراثت کے بارے میں بات کرنا شروع کیا۔

**Byte: Harivansh**

اِس موقع پر اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی نے سیاست کو عوام کی خدمت کرنے کا ایک وسیلہ بنا دیا ہے۔

انھوں نے کہا کہ پورے ملک میں 54 کروڑ جن دھن کھاتے کھولے گئے ہیں اور 13 کروڑ بیت الخلا تعمیر کیے گئے ہیں۔

**Byte: Ahswini Vaishnaw**

**Bhupender CPCB**

آب وہوا میں تبدیلی، ماحولیات اور جنگلات کے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو نے صاف اور آلودگی سے پاک بھارت بنانے میں، آلودگی کو کنٹرول کرنے والے مرکزی بورڈ CPCB کے اہم رول پر زور دیا ہے۔ نئی دلّی میں CPCB کے51 ویں یوم تاسیس کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے انھوں نے یہ بات کہی۔

اس موقع پر جناب یادو نے CPCB کے تمام اَرکان کو مبارک باد دی، جو ٹیکنالوجی، سائنس اور صحیح ڈیٹا کے ذریعہ آلودگی کم کرنے میں اپنی کوششیں دے رہے ہیں۔ GST اصلاحات کے بارے میں بات کرتے ہوئے جناب یادو نے غذائی اشیاء، گھریلو اشیاء، گھروں کی تعمیر کا سامان، آٹو موبائل، زراعت، تعلیم، صحت اور ہیلتھ انشورنس سمیت 390 سے زیادہ اشیاء پر کی گئی ٹیکس میں تاریخی کمی کو اُجاگر کیا۔

انہوں نے کہا کہ GST کے تحت اِن غیر متوقع راحتی اقدامات سے نہ صرف شہریوں کی بچت ہوگی، بلکہ یہ اُن کی زندگی میں زیادہ خوشحالی بھی لے کر آئے گی۔×

**J&K NHM**

جموں وکشمیر میں قومی شاہراہ مشن NHM نے سبھی Contractual ملازمین کیلئے تنخواہ میں پانچ فیصد اضافے کے احکامات جاری کئے ہیں۔ جموں وکشمیر میں NHM کے ڈائریکٹر نے یہ حکم جاری کیا ہے، جو مالی سال2025-26 کیلئے NUHM اور امراض کو کنٹرول کرنے والے پروگراموں سمیت ریاست، ضلع، ڈویژنل اور بلاک سطح پر اس پروگرام کے تحت کام کرنے والے سبھی ملازمین پر لاگو ہوگا۔ حکم میں کہا گیا ہے کہ جو ملازمین 31 مارچ 2025 یا اُس سے قبل ایک سال کی ملازمت مکمل کرچکے ہیں، اُن کو یکم اپریل 2025 سے تنخواہ میں یہ اضافی رقم دی جائے گی۔

جن ملازمین کو 30 ستمبر 2025 یا اُس سے قبل ملازمت کا ایک سال مکمل ہورہا ہے، وہ یکم اکتوبر 2025 کے بعد سے یہ اضافی تنخواہ حاصل کریں گے اور جو ملازمین 30 ستمبر 2025 کے بعد ملازمت کا ایک سال مکمل کریں گے، وہ یکم اپریل 2026 سے یہ اضافی تنخواہ حاصل کریں گے۔×

**Israel PM Palestinian**

اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو نے برطانیہ، کینیڈا اور آسٹریلیا کو اِن تین ملکوں کی طرف سے فلسطین کی مملکت کو تسلیم کیے جانے کے بعد انہیں خبردار کیا ہے۔ اسرائیل نے اِن ملکوں پر الزام عائد کیا ہے کہ یہ ممالک دہشت گردی کو انعام دے رہے ہیں۔

اسرائیل کے وزیر اعظم نے اپنے بیان میں مزید کہا کہ دریائے اُردن کے مغرب میں کوئی فلسطینی مملکت نہیں ہوگی۔ فلسطینی مملکت کے اپنی دیرینا مخالفت کو دوہراتے ہوئے اسرائیل کے وزیر اعظم نے، مغربی کناروں میں اسرائیلی بستیوں کی توسیع کو جاری رکھنے کا عزم کیا ہے۔×

**Rajnath Morocco**

مراکش کے اپنے دو روزہ تاریخی سرکاری دورے کے پہلے دن وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے Rabatمیں غیر مقیم بھاریتوں کے ساتھ بات چیت کی اور میزبان ملک مراکش اور اپنے وطن دونوں کیلئے اُن کی خدمات کی ستائش کی۔ شمالی افریقی ملک کیلئے بھارتی وزیر دفاع کی حیثیت سے یہ اُن کا پہلا دورہ ہے، جو بھارت اور مراکش کے درمیان گہرے سفارتی تعلقات کی نشاندہی کرتا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جناب راجناتھ سنگھ نے مراکش میں بھارتی برادری کی ستائش کی۔ جناب راجناتھ سنگھ نے معیشت، مینوفیکچرنگ، ٹکنالوجی، اِسٹارٹ اَپ، ڈیجیٹل انقلاب اور دفاعی صلاحیتوں سمیت مختلف شعبوں میں گزشتہ ایک دہائی میں بھارت کے یکسر تبدیلی والے سفر کو بھی اُجاگر کیا۔

توقع ہے کہ دونوں ملک، ایک وسیع دفاعی تعلقات، تربیتی پروگرام، تبادلوں اور صنعتی رابطوں کیلئے باقاعدہ ایک لائحہ عمل قائم کرتے ہوئے دفاعی تعاون پر ایک مفاہمت نامے پر بھی دستخط کریں گے۔×

**Jaishankar Philippines**

وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 80 ویں اجلاس سے قبل آج Philippines کی وزیر خارجہ Theresa Lazaro سے ملاقات کی۔ دونوں لیڈروں نے Philippines کے صدر Ferdinand R Marcos Jr کے حالیہ بھارت کے دورے کے بعد اقوام متحدہ میں اور بھارت-بحرالکاہل خطے میں بھارت اور Philippines کے درمیان تعاون پر بات چیت کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب جے شنکر نے کہا کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 80 ویں اجلاس سے قبل Philippines کی وزیر خارجہ سے مل کر انہیں خوشی ہوئی ہے اور انہوں نے Philippines کے صدر کے بھارت کے سرکاری دورے کے بارے میں بات چیت کی۔×

## Seva Parv Urban Transformation

سیوا اور سُشاسن یعنی عوامی خدمت اور اچھی حکمرانی کے منتر پر قدم بڑھاتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں سرکار بڑی تبدیلی لانے اور ترقی کے لیے انتھک کام کررہی ہے۔ Seva Parvکے عنوان سے خصوصی سلسلے میں آج ہم اِس بارے میں بات کررہے ہیں کہ مودی سرکار نے کس طرح کم خرچ ہاؤسنگ اور شہری Connectivity کو مستحکم بناکر پورے ملک میں شہروں میں لوگوں کے معیارِ زندگی کو بہتر بنایا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ...........

## Capsule

ملک میں اب میٹرو محض ٹرانسپورٹ کا ایک وسیلہ نہیں رہ گیا ہے بلکہ اختراع، امنگ اور پائیدار رہن سہن کے نظریے کے ساتھ بھارت کی ترقی کی داستان میں اِسے ایک شہ رگ کی حیثیت حاصل ہوگئی ہے۔ بھارت کو وزیراعظم کی قیادت میں اب دنیا کے تیسرے سب سے بڑے میٹرو نیٹ ورک کا مقام حاصل ہے۔ جناب مودی نے اِس مہینے کولکاتہ میں میٹرو ریل پروجیکٹوں کا آغاز کرتے ہوئے کہا تھا کہ 2014 سے پہلے ملک میں صرف 250 کلومیٹر کے میٹرو روٹ تھے، جبکہ آج میٹرو نیٹ ورک کا دائرہ ایک ہزار کلومیٹر سے بھی زیادہ ہوگیا ہے۔

## S/B PM Modi

شہری علاقوں میں سرکار معیاری ہاؤسنگ تک رسائی کے ساتھ ہر شہری کیلئے عزت اور وقار کی زندگی کو یقینی بنا رہی ہے۔

گذشتہ گیارہ سال میں سرکار نے شہری علاقوں میں کم خرچ مکانات فراہم کیے ہیں۔ سرکار نے ایک کروڑ 16 لاکھ مکانوں کی منظوری دی ہے جبکہ 93 لاکھ سے زیادہ مکان تیار ہو چکے ہیں۔ گجرات میں وڈودرہ کی رہنے والی کملا نے پردھان منتری آواس یوجنا شہری کے تحت مکان ملنے پر خوشی کا اظہار کیا۔

## S/B Kamla

مسافروں کو میٹرو کی سہولیات فراہم کرنے سے لے کر لوگوں کو مکان الاٹ کرنے تک، سرکار شہری علاقوں میں لوگوں کے معیارِ زندگی کو بہتر بنا رہی ہے اور رہن سہن میں سہولت کے نظریے کی تکمیل کر رہی ہے-x